© rasailojaraid.com

## رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر، مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق

## جامعہ کے مدیر التعلیم مولانا حافظ محمد عبداللہ و مولوی شاہ محمد اور قاری بشیر حسن کو دوہرا صدمہ

مورخہ 11 جولائی بروز بدھ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر و مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق کی قریبی رشتہ دار، جامعہ کے مدیر التعلیم مولانا حافظ محمد عبداللہ اللہ یار کی چچی محترمہ اور مولوی شاہ محمد کی زوجہ محترمہ اور محمد صدیق و عمران کی والدہ محترمہ طویل علالت کے بعد فیصل آباد میں وفات پاگئیں۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ، تلاوت قرآن کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے فیصل آباد میں پڑھائی۔

مورخہ 31 جولائی بروز منگل رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر و مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق و جامعہ کے مدیر التعلیم مولانا حافظ محمد عبداللہ کے کزن اور قاری بشیر حسن، محمد یونس، مولوی محمد یحییٰ (مرحوم) کے بھائی اور علی اسد یحییٰ کے چچا جان محمد زکریا طویل علالت کے بعد لیہ چوک اعظم میں وفات پاگئے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ، تلاوت قرآن کے پابند، شب زندہ دار اور انتہائی نیک و بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ علاقہ کے معروف عالم دین مولانا اکرم شہزاد نے لیہ چوک اعظم میں پڑھائی۔ نماز جنازہ میں مفتی محمد شفیع، قاری عبدالرشید، حافظ عبدالرؤف، قاری بشیر حسن، حافظ عمر عبدالحمید، مولانا خالد مدنی، حافظ ابوبکر، حافظ عبدالعزیز مکی، علی یحییٰ، محمد اسحاق، خبیب اور عثمان یحییٰ کے علاوہ جہلم، اوکاڑہ، لیہ اور دیگر علاقوں سے ان کے اعزہ واقرباء نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اللھم اغفرلھما وارحمھما وعافھما واعف عنھما.

## شیر پنجاب مولانا محمد یوسف پسروری کو صدمہ

## ان کے والد محترم کا انتقال پُر ملال

مورخہ 23 ستمبر بروز اتوار شیر پنجاب مولانا محمد یوسف پسروری کے والد محترم طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند، بااخلاق، ملنسار اور انتہائی نیک انسان تھے۔ ان کی پہلی نماز جنازہ لاہور میں مولانا یوسف پسروری نے اپنی رہائش گاہ پر جبکہ دوسری نماز جنازہ پسرور کے قریب اپنے آبائی گاؤں رتہ جھول میں خود پڑھائی۔ نماز جنازہ میں علمائے کرام اور جماعتی احباب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

جہلم سے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔ اللھم اغفرلہ وارحمہ وعافہ واعف عنہ



© rasailojaraid.com